
# 1 کہاں سے دیکھیں

4311CH01







ہمارے استاد نے ہم سے کار کی تصویر بنانے کے لیے کہا۔ ہم سب نے کار کی الگ الگ تصویریں بنائیں۔ اگلے دن سب نے بڑے جوش و خروش سے ایک دوسرے کو اپنی اپنی تصویریں دکھائیں۔ تب ہی انشول ہنسنے لگا۔ وہ دھیرج کی بنائی کار کی تصویر کو دیکھ رہا تھا۔

انشول نے کہا یہ تو ایسا لگ رہا ہے کہ ایک چھوٹا ڈبہ کسی بڑے ڈبے میں رکھا گیا ہو پھر انشول نے اپنی بنائی تصویر دھیرج کو دکھائی۔ دونوں نے ایک ہی کار کی تصویریں بنائی تھیں۔ مگر دونوں کی تصویریں بالکل مختلف دکھائی دے رہیں تھیں۔ دھیرج نے بتایا کہ اس نے کار چھت پر سے دیکھی تھی۔ کیا آپ سوچتے ہیں کہ اس کی یہ عجیب وغریب تصویر ٹھیک ہے؟

- کیا آپ نے کبھی ایک ہی چیز کو مختلف پہلوؤں سے دیکھا ہے۔
  کیا وہ چیز ہر پہلو سے ایک سی لگتی ہے یا الگ الگ؟



- ان تصویروں کو دیکھو۔ کنارے سے میز کیسی دِکھتی ہے؟ کون سی تصویر میز کو اوپر سے دیکھ کر بنائی گئی ہے؟



نیچے کچھ تصویریں بنائی گئی ہیں۔ ذرا سوچو کہ جب ان چیزوں کو اوپر سے دیکھیں گے تو یہ کیسی دکھائی دیں گی۔




کیا یہ کچھ ایسی دکھائی دیں گی؟



© NCERT not to be republished

## چلو کچھ کام کریں



A. ایک بلی ایک کلاس میں جھانک رہی ہے۔ وہ کلاس میں استاد کو ڈھونڈنا چاہتی ہے کیا آپ ٹیچر کو ڈھونڈنے میں اس کی مدد کر سکتے ہیں۔؟


B. نیچے کچھ چیزوں کی تصویریں دی گئی ہیں۔ معلوم کرو کہ کس طرف سے دیکھنے پر وہ ایسی دکھائی دیں گی۔



میز



سیڑھیاں



سیڑھیاں



بس



پنسل



کرسی


C. کچھ چیزوں کو اوپر سے دیکھ کر ان کی تصویر بنائیے اور اپنے دوستوں سے پوچھیے وہ کن چیزوں کی تصویریں ہیں؟

© NCERT not to be republished

# رنگولی




نیچے دیئے گئے نقطوں کا استعمال کر کے آپ بھی نمونے بنا سکتے ہیں۔ دو نمونے یہاں بنائے گئے ہیں۔





© NCERT not to be republished

## آپ خود دوسرے اور پیٹرن بنائیے

ان اشکال کو ڈاٹ گرڈ پر نقل کیجیے۔


1۔ یہ نوٹ کیجیے کہ کچھ خطوط اشکال میں سیدھے ہیں اور کچھ نہیں۔






© NCERT not to be republished

2۔ درج ذیل میں دیئے گئے ڈاٹ گرڈ کا استعمال کرتے ہوئے اپنی پسند کی شکلیں اور پیٹرن بنائیے۔



3۔ ان اشکال کو مکمل کرکے مربع اور مستطیل بنائیے۔




© NCERT not to be republished

4۔ نیچے دیئے گئے ڈاٹ گرڈ کا استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل تصویریں بنائیں۔

(a) ایک پتنگ (b) ایک پتّا (c) ایک پھول

(d) ایک کشتی (e) ایک ستارہ (f) ایک برتن



© NCERT not to be republished

ڈاٹ گرڈ پر مختلف شکلوں کو بنانے سے بچوں میں اشکال اور تشاکلات کے فہم کو فروغ ملتا ہے۔ یہ سبق اُن سرگرمیوں سے شروع ہوتا ہے جس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ کس طرح دو ابعادی تصاویر کو 3 ابعادی اشیا سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ تشاکلات، شکلوں کا ایک اہم پہلو ہے جس کی مزید تشریح سبق 5 میں کی گئی ہے۔

# جیسے کو تیسا

ایک دن امینہ ایک مصوّر (تصویر بنانے والا) سے ملی۔




تھوڑی دیر بعد مصوّر نے اسے اپنی بنائی ہوئی تصویر دکھائی۔





امینہ نے اسے 100 روپے کا نوٹ دیا۔




© NCERT not to be republished

مصوّر نے ایسی بہت ساری تصویریں بنائیں جس میں اس نے ان چیزوں کا صرف آدھا حصہ ہی بنایا۔ ان تصویروں کے باقی بچے حصوں کو بنائیے اور پتہ لگائیے کہ یہ کن چیزوں کی تصویریں ہیں۔ ان چیزوں کے لئے آئینہ کی مدد لی جاسکتی ہے۔



کیا ہم درج ذیل تصاویر بنانے میں مصوّر کی ترکیب کو دہرا سکتے ہیں؟



آپ مصوّر سے ایسی چیزوں کی تصویر بنانے کے لیے کہتے ہیں جو ایک جیسے دو حصوں میں نہ بانٹی جاسکیں۔ تو وہ اب یہ ترکیب استعمال نہیں کر پائے گا۔ تین اور ایسی چیزوں کی تصاویر بنایئے جنہیں آئینہ کی تصویر کی طرح دو برابر حصوں میں نہیں بانٹا جاسکے۔




2019-20

© NCERT not to be republished

## نصف شبیہ

نقطہ دار خط پر آئینہ رکھ کر دیکھنے پر کیا آدھا حصہ ایسا ہی دکھائی دے گا جیسا کہ تصویر میں دکھائی دیتا ہے؟




کچھ اور مثالیں دیجیے۔

اوپر دیئے گئے دو مستطیلوں میں نقطہ دار خط ہر ایک کو دو مساوی نصفوں میں کاٹتا ہے لیکن غور کیجیے کہ یہ دونوں نصف حصے ایک دوسرے کے آئینہ دار نہیں ہیں۔

© NCERT not to be republished


کیا آپ درج ذیل تصویروں کو نقطہ دار خط کا استعمال کر کے دو برابر حصوں میں بانٹ سکتے ہیں؟




© NCERT not to be republished




ان حروف کا استعمال کرکے ہم ایسے الفاظ بھی بنا سکتے ہیں جن کے دو برابر حصے ہو سکتے ہیں۔





© NCERT not to be republished

# ماسک بنانا




آپ نیچے دی گئی تصویروں کی مدد سے بہت سارے ماسک بنا سکتے ہیں۔



© NCERT not to be republished